
# تحفظ




مدیر: **مظفر احمد**

نائب مدیر: **محمد اعظم شاکر**

ادارت: **کامران چنہ ۔ ڈاکٹر بشیر احمد صدیقی**

میڈیا کوآرڈینیٹر: نادرن ریجن **راجہ احسان الحق**

نمائندہ سینٹرل ریجن: **عبدالحفیظ انجم**


ترسیل: **ناصر جاوید**

رابطہ: ایڈیٹر تحفظ، ایڈورٹائزنگ اینڈ سیلز پروموشن ڈپارٹمنٹ، پرنسپل آفس، اسٹیٹ لائف بلڈنگ نمبر 9، ڈاکٹر ضیاء الدین احمد روڈ، پوسٹ بکس نمبر 5725، کراچی 75530
ٹیلی فون نمبر: 9202819 (021)

تحفظ کا شمارہ اسٹیٹ لائف کی ویب سائٹ www.statelife.com.pk پر بھی ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔

لے آؤٹ ڈیزائن: آرگس ایڈورٹائزنگ (پرائیویٹ) لمیٹڈ



## فرمانِ الٰہی



اے لوگو، جو ایمان لائے ہو، رکوع اور سجدہ کرو، اپنے رب کی بندگی کرو اور نیک کام کرو، اسی سے توقع کی جاسکتی ہے کہ تم کو فلاح نصیب ہو۔ اور اللہ کی راہ میں جہاد کرو جیسا کہ جہاد کرنے کا حق ہے۔ اُس نے تمہیں اپنے کام کے لیے چن لیا ہے۔ اور دین میں تم پر کوئی تنگی نہیں رکھی۔ قائم ہو جاؤ اپنے باپ ابراہیم کی ملت پر۔ اللہ نے پہلے بھی تمہارا نام ''مسلم'' رکھا تھا، رسول تم پر گواہ اور تم لوگوں پر گواہ۔ پس تم نماز قائم کرو، زکوٰۃ دو اور اللہ سے وابستہ ہو جاؤ۔ وہ ہے تمہارا مولیٰ، بہت ہی اچھا ہے وہ مولیٰ اور بہت ہی اچھا ہے وہ مددگار۔


(سورۃ الحج 22 : 77-78)

## فرمان رسولؐ



حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایک تاجر لوگوں کو قرض دیا کرتا تھا جب کسی تنگ دست کا معاملہ آتا تو اپنے ملازموں سے کہہ دیتا کہ اس سے درگزر کر جاؤ، ممکن ہے اللہ تعالیٰ بھی ہم سے (آخرت میں) درگزر فرمائیں، چنانچہ اللہ تعالیٰ نے (اس کے مرنے کے بعد) اس سے درگزر فرمایا (اور کوئی باز پرس نہیں کی) ...... (بخاری)


## قائداعظمؒ نے فرمایا



ہمیشہ ان تصورات اور عزائم کے مطابق زندگی بسر کیجئے جن کے لیے آپ حال ہی میں اپنی زندگیاں وقف کرنے کا عہد کر چکے ہیں۔ میری مراد پاکستان کی خدمت سے ہے۔ کمزوروں کی حمایت اور شہیدوں کی پاک یاد کے سلسلے میں اپنا فرض ادا کر کے اسلام کی شان و شوکت میں چار چاند لگایئے

(پنجاب مشین گن رجمنٹ، پشاور۔ 15 اپریل 1948ء)

## فرمودۂ اقبال



ظلامِ بحر میں کھو کر سنبھل جا
تڑپ جا پیچ کھا کھا کر بدل جا
نہیں ساحل تری قسمت میں اے موج
ابھر کر جس طرف چاہے نکل جا!
(بال جبریل)

نقطۂ نظر

## بزرگوں کا قول

ہم نے سیانوں سے سنا ہے......

ہمارا طرزِ عمل اور لب و لہجہ دوسروں پر ہماری اصل شخصیت کے بھید کھولتا ہے۔

ہماری اخلاقیات اور ہمارا تدبر ہماری اچھی یا بری پہچان بنتا ہے۔

لیکن باعث افسوس یہ امر ہے کہ ہم نے کبھی ان باتوں پر غور ہی نہیں کیا۔ شاید یہی وجہ ہے کہ ہم بے کراں سکون اور حقیقی خوشی سے محروم ہیں اور اپنے قریبی رشتوں اور احباب کی نگاہ میں بھی گرے رہتے ہیں۔

اکثر دیکھا گیا ہے بعض اوقات ہر اعتبار سے بلند و ارفع اور قابل احترام سمجھی جانے والی شخصیت شعوری یا غیر شعوری طور پر اچانک کوئی ایسا گرا ہوا عمل کر گزرتی ہے جو اس کے قرب و جوار کے لوگوں کے لیے بڑے صدمہ اور دکھ کا باعث بن جاتا ہے۔

اگر اس کا یہ غیر اخلاقی عمل غیر شعوری ہے اور اسے اس کا احساس بھی ہو جاتا ہے تب تو وہ اپنے نامناسب رویہ پر نادم بھی ہوتا ہے۔ جو یقیناً اس کے وقار اور احترام میں مزید اضافہ کا باعث بنتا ہے۔ لیکن اگر وہ ایسا نہیں کرتا تو پھر سمجھ لیجئے کہ وہ نفسیاتی اور روحانی طور پر بیمار ہے، احساس کمتری میں مبتلا ہے۔ جو بالآخر اسے لے ڈوبتا ہے۔

دوستو! شخصیت سازی میں علم کے ساتھ ساتھ ہمارا اخلاق اور ہمارا رویہ بہت اہم کردار ادا کرتا ہے اور اگر اس میں شفقت اور محبت کی آمیزش بھی ہو جائے تو ان خرابیوں کے حامل تمام نیکیوں کا سرچشمہ بن جاتے ہیں۔ آواز میں لوچ، بات میں شیرینی، رفتار میں انکسار اور کردار میں وسعت آجاتی ہے۔

لیکن دوسری طرف غصہ، نفرت، انتقام اور حسد دنیائے دل کو ویران اور چہرے کو بے نور اور خوف ناک بنا دیتے ہیں۔ حاسد اور سازشی کی رفتار تک ناہموار ہو جاتی ہے اور وہ ہر طرف نفرت پھیلا دیتے ہیں۔

بزرگوں کا قول ہے اور

یاد رکھنے کی بات بھی یہ ہے کہ

''انسانوں سے محبت کا رویہ ہمیں اللہ تبارک وتعالیٰ کے قریب لے جاتا ہے''

اس لیے اپنی اعلیٰ و ارفع شخصیت کا تاثر ہمیشہ قائم رکھنے کے لیے ''بڑے'' کو اپنے عمل سے خود کو ''بڑا'' ثابت کرنا ہوگا تاکہ چھوٹے ان کی تکریم بھی کریں اور انہیں اچھی مثال بنا کر کامیابی کی ''منزل'' بھی پاسکیں۔


ایڈیٹر
happylife2175@yahoo.com

# چیئرمین جناب شاہد عزیز صدیقی کا اسلام آباد کیمپ آفس کا دورہ

## ریجنل چیف ناردرن راجہ ظفر علی شان کی جانب سے بہترین کارکردگی کی یقین دہانی

رپورٹ......راجہ احسان الحق
میڈیا کوآرڈینیٹر،
ناردرن ریجن



اسلام آباد میں چیئرمین جناب شاہد عزیز صدیقی کو زونل سربراہ جناب اظہر حسین پھول پیش کر رہے ہیں



ریجنل آفس ناردرن ریجن میں چیئرمین اسٹیٹ لائف جناب شاہد عزیز صدیقی کا ریجنل چیف نارتھ راجہ ظفر علی شان، زونل ہیڈ اسلام آباد اظہر حسین اور افسران کے ساتھ لیا گیا گروپ فوٹو

چیئرمین اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان نے چارج سنبھالنے کے فوراً بعد اسلام آباد کا دورہ کیا۔ اس موقع پر نارتھ ریجن میں چیئرمین کیمپ آفس تشریف لائے۔ جہاں ریجنل چیف نارتھ راجہ ظفر علی شان، زونل ہیڈ اظہر حسین اور اسلام آباد کے افسران و اسٹاف نے انہیں خوش آمدید کہا۔ انہوں نے ریجنل چیف نارتھ راجہ ظفر علی شان سے ناردرن ریجن اور مختلف زونوں کے متعلق معلومات حاصل کیں اور مختلف اہم امور پر ہدایات دیں۔ ریجنل چیف نارتھ راجہ ظفر علی شان نے ناردرن ریجن کے افسران، اسٹاف اور فیلڈ کارکنان کی طرف سے انہیں بہترین کارکردگی کا یقین دلایا۔

# بیمہ داروں کی خدمات اولین ترجیح ہونی چاہیے، شاہد عزیز صدیقی

## چیئرمین کی سدرن ریجن کے کارکنان و افسران کو ہدایت

رپورٹ......قاضی جاوید
سیکٹر ہیڈ کراچی سدرن زون



ریجنل چیف سدرن جناب محمد احمد امجد، چیئرمین جناب شاہد عزیز صدیقی کو ریجنل آفس میں خوش آمدید کہہ رہے ہیں

اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن کے نئے چیئرمین جناب شاہد عزیز صدیقی نے گزشتہ دنوں سدرن ریجن اور کراچی سدرن زون کا دورہ انہماک سے سنے اور جلد از جلد حل کی یقین دہانی کروائی جس پر وہاں موجود تمام افراد نے ان کا شکریہ ادا کیا۔ جناب محمد احمد امجد نے 2007ء



چیئرمین جناب شاہد عزیز صدیقی کا ریجنل دفتر کے دورے کے دوران ریجنل چیف جناب محمد احمد امجد، زونل ہیڈز جناب سلطان مسعود نقی، جناب خالد شیخ اور جناب حسن رضا کے ہمراہ گروپ فوٹو

کیا اس موقع پر ریجنل چیف سدرن ریجن جناب محمد احمد امجد، ریجن و زون کے افسران، کراچی کے تینوں زونل سربراہان، سیکٹر ہیڈز، مارکیٹنگ فورس اور اراکین اسٹاف نے ان کا استقبال کیا۔ نئے چیئرمین کی آمد سے ریجن اور زون میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ جناب چیئرمین نے ریجن، زون اور بلڈنگ نمبر 2 کے مسائل نہایت توجہ اور اور 2008ء کے حوالے سے سدرن ریجن کی کارکردگی سے متعلق تفصیلات سے آگاہ کیا اور یقین دلایا کہ پرنسپل آفس کی جانب سے سدرن ریجن کے لیے 2008ء کے جو اہداف مقرر کیے گئے ہیں وہ 100 فیصد مکمل کیے جائیں گے۔ ریجن اور کارپوریشن کے کاروبار کی ترقی کے لیے کراچی کے ایریا منیجرز کو شہر کے مختلف علاقوں میں منتقلی کی تجویز کو جناب چیئرمین نے پسند فرمایا اور اس ضمن میں فوری احکامات جاری کیے۔

جناب شاہد عزیز صدیقی نے کراچی سدرن زون کے مارکیٹنگ ایگزیکٹیوز کے دفاتر، نیو بزنس، پی ایچ ایس، ڈیتھ کلیمز اور ایجنسی ڈپارٹمنٹس کا تفصیلی دورہ کیا اور وہاں پر موجود پالیسی ہولڈرز اور فیلڈ کارکنان سے ملاقات کی اور ان کے مسائل معلوم کیے اور وہاں افسران و اسٹاف کی پیشہ ورانہ خدمات کی تعریف کی انہوں نے کہا کہ بیمہ داروں کی خدمت ہماری اولین ترجیح ہونی چاہیے اور انہیں زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کی جائیں جبکہ ہم ٹریننگ کے معیار کو مزید بہتر بنائیں گے تاکہ کارکنان و ملازمین نئے چیلنجز کا مقابلہ کر سکیں۔ اس کے بعد جناب چیئرمین نے گروپ اینڈ پینشن کراچی زون کا دورہ کیا اور افسران و کارکنان سے فرداً فرداً ملاقات کی، ان کے مسائل سنے اور موقع پر ہی فوری احکامات جاری کیے اور وہاں پر موجود افسران و اسٹاف نے جناب چیئرمین کی آمد پر شکریہ ادا کیا۔

# بیمہ داروں کی امانتوں کی دیانت داری سے حفاظت کی جائے گی، شاہد عزیز صدیقی

## فیصل آباد زون میں اپنے پہلے دورے میں چیئرمین کا افسران و کارکنان سے خطاب

رپورٹ: رائے محبوب عالم
انچارج زونل ہیڈ سیکریٹریٹ

چیئرمین جناب شاہد عزیز صدیقی، ریجنل چیف چوہدری مدد علی انجم کے ہمراہ فیصل آباد زون تشریف لائے تو ان کے اعزاز میں ایک خوب صورت اور باوقار تقریب کا اہتمام کیا گیا جناب چیئرمین کا استقبال زونل سربراہ جناب محمد داؤد ناصر سیکٹر ہیڈز، ڈپارٹمنٹل ہیڈز، ٹاپ تھری ایریا منیجرز، سیلز منیجرز، سیلز آفیسرز اور سیلز نمائندگان اور تنظیموں کے صدور و جنرل سیکریٹریز نے کیا۔

اعلیٰ کارکردگی پر جناب مقبول احمد راٹھ ایریا منیجر، جناب مقبول حسین سیلز منیجر، جناب رب نواز سیلز آفیسر، جناب محمد یاسر نسیم سیلز نمائندہ کو اپنی کیٹیگری میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے پر اسٹیج پر اعزازی کرسیاں دی گئیں۔ اس کے بعد ہر کیٹیگری میں پہلی پانچ پوزیشنز کے حامل ایریا منیجرز، سیلز منیجرز، سیلز افسرز اور سیلز نمائندگان کو چیئرمین جناب شاہد عزیز صدیقی نے پھولوں کے ہار پہنائے جبکہ سیکٹر ہیڈز میں پہلی پوزیشن پر جناب محمد اکبر مغل کو ہار پہنائے گئے۔

اس موقع پر فیلڈ ورکرز ایسوسی ایشن کے صدر ساجد محمود شیخ، ایریا منیجرز کے صدر مقبول احمد راٹھ، اسٹاف یونین کے صدر میاں محمد رمضان اور آفیسرز کے صدر رائے محبوب عالم نے چیئرمین جناب شاہد عزیز صدیقی کا خیر مقدم کرتے ہوئے انہیں گلدستے پیش کیے۔

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے زونل سربراہ جناب محمد داؤد ناصر نے زون کی کارکردگی پیش کرتے ہوئے کہا کہ 2001ء میں فیصل آباد کی کارپوریشن میں چھٹی پوزیشن تھی تاہم جناب مقصود احمد چوہدری کی ولولہ انگیز قیادت نے چھٹی سے پہلی پوزیشن کا سفر اتنی سرعت سے طے کیا کہ دیکھنے والے دنگ رہ گئے اور پھر مسلسل چار سال لیڈر آف دی کارپوریشن کا اعزاز حاصل کیا انہوں نے جناب چیئرمین کو یقین دلایا کہ عزم و عمل کا یہ سفر اسی شد و مد سے جاری رہے گا اور جب سال رواں کے حتمی اعداد و شمار مرتب ہوں گے تو ایک بار پھر لیڈر آف دی کارپوریشن کا اعزاز فیصل آباد زون کے پاس ہوگا۔



اسٹیٹ لائف کے چیئرمین جناب شاہد عزیز صدیقی اور ریجنل چیف جناب مدد علی انجم حاضرین سے خطاب کر رہے ہیں

ریجنل چیف چوہدری مدد علی انجم نے چیئرمین جناب شاہد عزیز صدیقی کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ فیصل آباد وہ پہلا زون ہے جہاں چیئرمین صاحب تشریف لائے ہیں انہوں نے چیئرمین صاحب کا تعارف کروایا اور امید ظاہر کی کہ کارپوریشن ان کی قیادت میں دن دگنی اور رات چوگنی ترقی کرے گی۔

چیئرمین جناب شاہد عزیز صدیقی نے شرکائے تقریب کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ آپ نے جتنے والہانہ طریقے سے میرا استقبال کیا ہے اس کے لیے میں آپ کا شکر گزار ہوں۔ انہوں نے کہا کہ اسٹیٹ لائف کا چارج سنبھالتے وقت ان کے ذہن میں کئی طرح کے خیالات تھے لیکن آپ جیسے ساتھیوں سے ملنے کے بعد میرے ارادے پختہ اور حوصلے جواں ہوئے ہیں ہم اس ادارے کی کامیابی کے لیے مل کر جدوجہد کریں گے اور بیمہ زندگی کا تحفظ زیادہ سے زیادہ ہم وطنوں تک پہنچانے کے مشن کو پورا کریں گے انہوں نے کہا کہ ہمارے پاس بیواؤں اور یتیموں کے فنڈز ہیں اور ہم ان کے امین ہیں اور اس امانت کی پوری دیانتداری سے حفاظت کریں گے ان کے علم میں ہے کہ اسٹیٹ لائف میں پروموشنز، تنخواہوں اور اسٹاف و افسران کی کی جیسے مسائل ہیں اور وہ ان مسائل کے حل کے لیے زبانی دعوے نہیں کریں گے بلکہ ان کو حل کرنے کے لیے عملی اقدامات کریں گے انہوں نے فیصل آباد زون کی سابقہ کارکردگی کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی کہ مستقبل میں بھی فیصل آباد زون اپنا مثبت رول کامیابی سے ادا کرے گا۔



چیئرمین جناب شاہد عزیز صدیقی بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے ایریا منیجرز کو ہار پہنا کر خراج تحسین پیش کر رہے ہیں

اس تقریب کے بعد جناب چیئرمین بلڈنگ تشریف لائے اور سیکٹر ہیڈز سے تعارفی میٹنگ کی اس موقع پر انہوں نے جملہ شرکا سے دیہی آبادی کے لیے کوئی انشورنس پلان تیار کرنے کے لیے تجاویز مانگیں انہوں نے کہا کہ دیہات میں رہائش پذیر زیادہ سے زیادہ افراد کو بیمہ زندگی کا تحفظ فراہم کیا جائے۔



فیصل آباد زون کے دورے کے دوران چیئرمین جناب شاہد عزیز صدیقی سیلز منیجرز، سیلز آفیسرز اور سیلز نمائندوں کو بہترین کارگزاری پر ہار پہنا کر شاباش دے رہے ہیں،

# ملتان میں جناب شاہدعزیزصدیقی کا پرجوش خیرمقدم

## گفتارپرنہیں عمل پریقین رکھتاہوں،افسران کے عشائیہ سے چیئرمین اسٹیٹ لائف کا اظہاریہ

رپورٹ......محمدمنشاءراہی
ملتان زون



آفیسرزایسوسی ایشن ملتان کی تقریب میں چیئرمین جناب شاہدعزیزصدیقی کوگلدستہ پیش کیا جارہاہے

گزشتہ دنوں چیئرمین جناب شاہدعزیزصدیقی اپنا عہدہ سنبھالنے کے بعد لاہور سے ملتان بذریعہ فلائٹ پہنچے تو ریجنل چیف ملتان مقصود احمد چوہدری زونل سربراہ ملتان جناب طاہراحمد خان نے خوش آمدید کہا۔ اس موقع پر ملتان ریجن کے تمام زونل سربراہان ایئرپورٹ میں موجود تھے ۔ ان سے ملنے کے بعدوہ اسٹیٹ لائف بلڈنگ تشریف لائے۔افسران،اسٹاف، مارکیٹنگ فورس،ایریامینجرز کے علاوہ نمائندگان/ یونین ایسوسی ایشنز نے ان کا نہایت پرتپاک استقبال کیا۔

اس موقع پرجناب چیئرمین نے زونل ہیڈزاورریجنل چیف ملتان کے ساتھ میٹنگ میں شرکت کی ۔بعد ازاں فیلڈ ورکرز یونین نے آغاشمیم احمد خان کی سرکردگی میں چیئرمین صاحب سے ملاقات کی اور بھرپورتعاون کایقین دلایااس کے علاوہ انہوں نے ریجن، زون کے شعبہ جاتی سربراہان، سیکٹر ہیڈزاورمختلف ایسوسی ایشنز، یونینز کے نمائندگان سے بھی ملاقات کی۔

تعارف کے بعد انہوں نے اپنے مختصرخطاب میں اس عزم کااعادہ کیا کہ وہ کارپوریشن کومزیدترقی کی راہ پر گامزن کریں گے اور ملازمین و کارکنان کے مسائل حل کرنے کی سعی کریں گے۔اس کے بعد صدر ایمپلائز یونین شاہد وحیداور آفیسرز ایسوسی ایشن کے صدرمحمداشرف بھٹی نے چیئرمین صاحب کوعہدہ سنبھالنے پرمبارک باد دی۔چیئرمین جناب شاہدعزیزصدیقی نے زون کے مختلف شعبہ جات بھی دیکھےاورانہوں نے اسٹاف اور افسران کوبیمہ داران اورفیلڈکارکنان کوبہترخدمت مہیا کرنے کی ہدایت کی۔





ڈاکٹرمحمداختر،فرزندعلی شاہین، ملک مظہرحسین، محمداشرف بھٹی، ملک حبیب الرحمٰن ملتان پہنچنے پرچیئرمین جناب شاہدعزیزصدیقی کوہارپہنارہے ہیں اورگلدستہ پیش کررہے ہیں،منشاراہی، کامران شمسی اورشاہدوحیدنمایاں ہیں

آفیسرزایسوسی ایشن ملتان نے جناب چیئرمین کے اعزاز میں تقریب کا اہتمام کیا جس میں ریجنل چیف ملتان اورزونل ہیڈ ملتان کے علاوہ ریجن اورزون کے تمام افسران نے شرکت کی۔ انہیں آفیسرز کے مسائل سے آگاہ کیا گیا۔

ریجنل چیف ملتان جناب مقصود احمد چوہدری نے مختصراً کہا کہ چیئرمین صاحب مسائل کے فوری حل میں خصوصی دلچسپی رکھتے ہیں اور ہم امید کرتے ہیں کہ ان کے دورمیں افسران خوش حال اور مطمئن رہیں گے۔

چیئرمین جناب شاہد عزیز صدیقی نے اس موقع پراپنے خطاب میں کہا کہ وہ گفتار پرنہیں بلکہ عمل پر یقین رکھتے ہیں اور یہ کہ ماتحتوں کا بھلا کرنے سے سکون ملتا ہے۔

انہوں نے وعدہ کیا کہ وہ جلد از جلد ان مسائل کوحل کریں گے۔



شرکاءچیئرمین کے استقبال کے لیے چشمِ براہ ہیں

# ایک کروڑ 21 لاکھ روپے کا نیا پریمیئم

## کراچی سدرن زون کے ایریا منیجر سید ساجد حسین شاہ کا اعزاز

رپورٹ......اسلم پرویز
سیلز منیجر، کراچی سدرن زون



ریجنل چیف محمد احمد امجد کی جناب نورالہی کے لیے شاباش، اس موقع پر جناب ساجد حسین شاہ اور اسلم پرویز بھی نمایاں ہیں

گزشتہ دنوں سید ساجد حسین شاہ ایریا آفس کی میٹنگ کا انعقاد ہوا جس کا مقصد ایریا آفس کے ساتھیوں کی حوصلہ افزائی اور سال 2008ء کی منصوبہ بندی تھی۔

تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا مہمانوں کے ہمراہ اسٹیج پر سال 2007ء میں اول آنے والے جناب احسان الحق، دوم آنے والے جناب نورالہی اور سوم آنے والے جناب اختر گل کو مہمانوں کے ہمراہ بٹھایا گیا جبکہ جناب محمد احمد سیلز منیجر اور جناب اسلم پرویز اور ٹاپ 5 سیلز آفیسرز و سیلز نمائندگان کو پھولوں کے ہار اور اعزازات سے نوازا گیا جبکہ ایریا منیجر سید ساجد حسین شاہ نے ریجنل چیف محمد احمد امجد کو خوبصورت گلدستہ پیش کیا۔

اس موقع پر ایریا آفس کی کارکردگی کا جائزہ پیش کرتے ہوئے سید ساجد حسین شاہ نے رب العزت کا شکر ادا کرتے ہوئے کہا کہ سال 2007ء میں ہم نے ایک کروڑ 21 لاکھ کا نئے سال کا پریمیئم مکمل کیا اور انشاء اللہ 2008ء میں ہم دو کروڑ سے زائد نئے سال کا پریمیئم حاصل کریں گے۔ انہوں نے تمام شرکا کا بھی شکریہ ادا کیا کہ سال بھر میں منعقدہ میٹنگوں میں شرکت بھی کی اور شاندار کارکردگی بھی دکھائی۔

زونل ہیڈ کراچی سینٹرل زون جناب ایس ایچ رضا نے سید ساجد حسین شاہ کو اعلیٰ کارکردگی پر اور چوہدری احسان الحق کو اول پوزیشن اور گولڈ میڈل حاصل کرنے پر مبارک باد پیش کی۔



سیکٹر ہیڈ قاضی جاوید، ایریا منیجر انجم اصغر اور سیلز منیجر جناب احسان کو اعلیٰ کارکردگی پر ریجنل چیف کا خراج تحسین

مہمان خصوصی جناب محمد احمد امجد نے چوہدری احسان الحق کو گولڈ میڈل اور جناب نور الٰہی کو سلور میڈل اور جناب اختر گل کو برونز میڈل پیش کیے جبکہ سید ساجد حسین شاہ نے تمام سیلز منیجرز کو خوب صورت تحفے پیش کیے۔

اس کے بعد ریجنل چیف محمد احمد امجد نے خطاب کرتے ہوئے سید ساجد حسین شاہ کو ایک کروڑ 21 لاکھ پریمیئم حاصل کرنے پر اور تمام انعام یافتگان کو دلی مبارک باد پیش کی انہوں نے تمام ساتھیوں پر زور دیا کہ وہ لائف انشورنس کے مزاج اور تقاضوں کے مطابق اپنے رویوں اور عادات کو ڈھالیں۔ زندگی میں ہماری روزمرہ اور خاندانی ضرورتیں تب ہی پوری ہوں گی جب ہم اپنا کام پیشہ ورانہ تقاضوں کے مطابق تندہی، یکسوئی اور ایمانداری کے ساتھ کریں گے۔ ہمیں ملکی حالات اور مارکیٹ کی صورت حال کے تحت کام کرنا ہوگا اور روزانہ بنیادوں پر منصوبہ بندی کر کے ماہانہ اہداف کا حصول کرنا ہوگا تا کہ سالانہ اہداف کو احسن طور پر مکمل کرلیں جس کے لیے شب و روز جدوجہد کر کے منزل حاصل کرنا ہوگی۔ کیونکہ یہ دنیا صرف کامیاب لوگوں کے لیے ہے۔ آپ اپنے تمام بیمہ داروں کی خدمت کے ذریعے ملک و قوم کی خدمت کو اپنا شعار بنالیں۔

تقریب کی کمپیئرنگ کے فرائض سیلز منیجر اسلم پرویز نے ادا کیے آخر میں حسب روایت اہداف لیے گئے اور حاضرین کو عشائیے کے لیے مدعو کیا گیا۔

## کوالٹی آف لائف

اس دنیا کی مختصر سی غیر یقینی زندگی میں......
کوالٹی آف لائف کی خاطر ہم کتنی
احتیاطیں کرتے ہیں!
بلڈ پریشر ہو تو نمک نہیں چکھتے!
ذیابیطس ہو تو شکر،

دل کا حملہ ہو تو معمولات زندگی
ہی بدل دیتے ہیں
کبھی بعد کی ختم نہ ہونے والی یقینی زندگی کی
کوالٹی آف لائف کے بارے میں سوچا؟
نافرمانی کرنے پر، ہاتھ پاؤں اور آنکھوں سے

گناہ کرنے پر......
غیبت کرنے، ناجائز مال کمانے اور حق مارنے پر
کیسی کیسی وعیدیں ہیں! پھر ہم کیوں نہیں بچتے؟
کیا ہم کو یقین نہیں......
اتنا بھی نہیں جتنا ڈاکٹر کی بات پر ہے

# سدرن زون کی خصوصی تقریبِ ستائش

## دو نئے کروڑ پتی ایریا منیجرز کو مبارک باد، ماہ اگست تک کم از کم 6 کروڑ پتی ایریا منیجرز ہوں گے، خالد شیخ

رپورٹ......شاہ نواز سومرو
کراچی سدرن زون

اسٹیٹ لائف کراچی سدرن زون کی ایریا منیجر میٹنگ ایک مقامی ہوٹل میں ہوئی ، تقریب تلاوت کلام پاک سے شروع ہوئی، منیجرز اور سیکٹر ہیڈز نے شرکت کی اس موقع پر ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب منظور احمد نے ایریا منیجرز کی کاروباری سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔

زونل سربراہ کراچی سدرن زون جناب خالد شیخ نے ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب منظور احمد کو خوش آمدید کہتے ہوئے زون کی طرف سے یقین دلایا کہ انشاء اللہ کراچی سدرن زون جلد پاکستان بھر میں ایک نمایاں مقام حاصل کرے گا اور پورے پاکستان میں سب سے زیادہ کروڑ پتی ایریا منیجرز بھی اسی زون سے بنیں گے انہوں نے دو نئے ایریا منیجرز رانا محمد شفیع اور سید مسعود الحسن کو مبارک باد دی انہوں نے کہا کہ یہ بات ہمارے لیے خوش آئند ہے کہ ہمارے زون سے کروڑ پتیوں کی شروعات ہوچکی ہے جس میں ماہ جون میں کروڑ پتی ایریا منیجرز جناب محسن رضا اور ڈاکٹر دلیپ کمار بن چکے ہیں اور ماہ اگست تک کم از کم مزید 6 کروڑ پتی ایریا منیجرز ہوں گے۔

اس موقع پر ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب منظور احمد نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کراچی کے لوگ آگے بڑھنا نہیں چاہتے اگر آپ آگے بڑھنے کی سوچتے تو میں ڈویژنل ہیڈ کی حیثیت سے راولپنڈی سے کراچی نہیں آتا۔ ایریا منیجرز سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا کہ آپ لوگ ٹیم کے بغیر آگے نہیں بڑھ سکتے اس لیے ہر ماہ کو آخری ماہ سمجھ کر کام کریں مجھے امید ہے کہ آپ 2008ء کو جناب خالد شیخ کی سربراہی میں یادگار سال بنائیں گے۔



ماہ جون تک ایک کروڑ روپے کا پریمیئم سال اول مکمل ہونے پر ڈاکٹر دلیپ کمار کو پگڑی پہنائی جارہی ہے

قبل ازیں جناب منظور احمد نے نئے ایریا منیجرز کو مبارک باد دی اور خصوصی طور پر شیر ظفر خان کو مبارک باد دی جن کے ایریا سے دو نئے ایریا منیجرز پروموٹ ہوئے۔ اس کے ساتھ دونوں کروڑ پتیوں کو بھی شاندار انداز میں خراج تحسین پیش کیا اور ٹاور سیکٹر کے سیکٹر ہیڈ جناب شاہ نواز سومرو کی طرف سے ڈاکٹر دلیپ کمار کو ایک کروڑ ماہ جون میں مکمل کرنے پر بوسکی کی پگڑی پہنائی۔ آخر میں اے جی ایم مارکیٹنگ جناب سعید خان نے تمام ارکان کا خصوصاً ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ انشاء اللہ آپ کی دی ہوئی ہدایات پر ضرور عمل کریں گے اس کے بعد تمام شرکاء کو کھانے کی دعوت دی گئی۔



ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب منظور احمد اعلیٰ کارکردگی کے حامل ایریا منیجرز جناب محسن رضا، جناب مسعود الحسن، رانا محمد شفیع اور شیر ظفر خان کو مبارک باد دے رہے ہیں

---

## پہلی ششماہی میں دو ارب روپے سے زائد کا نیا پریمیئم حاصل کرلیا گیا

اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن نے رواں سال کی پہلی ششماہی کے دوران پریمیئم سال اول کی مد میں دو ارب 7 کروڑ روپے سے زائد حاصل کرلیا جبکہ گزشتہ سال اسی دورانیے میں ایک ارب 62 کروڑ روپے حاصل کیے تھے۔ اس طرح نئے کاروبار میں 27.98 فیصد اضافہ ہوا جو ایک ریکارڈ ہے۔

اعداد و شمار کے مطابق اس ضمن میں سینٹرل ریجن نے 72 کروڑ 43 لاکھ روپے سے زائد، ناردرن ریجن 50 کروڑ 63 لاکھ روپے سے زائد، ملتان ریجن 42 کروڑ 39 لاکھ روپے اور سدرن ریجن نے 41 کروڑ 87 لاکھ روپے سے زائد پریمیئم سال اول حاصل کیا۔

اسی طرح تجدیدی پریمیئم کی مد میں 5 ارب 27 کروڑ 88 لاکھ روپے سے زائد کا پریمیئم جمع کرنے میں کامیابی پائی جبکہ گزشتہ سال اسی مدت کے دوران 4 ارب 12 کروڑ 42 لاکھ روپے حاصل ہوئے تھے۔ اس طرح تجدیدی پریمیئم میں 28 فیصد اضافہ ہوا ہے۔

پہلی ششماہی کے دوران نئی بیمہ پالیسیوں کی تعداد میں 21.43 فیصد اضافہ کرتے ہوئے ایک لاکھ 70 ہزار 451 خاندانوں کو بیمہ زندگی کا تحفظ حاصل ہوا جبکہ گزشتہ سال اسی مدت کے دوران ایک لاکھ 40 ہزار 365 خاندانوں کو بیمہ زندگی کا تحفظ حاصل ہوا تھا۔ واضح رہے کہ سال رواں کے ہدف کا 46.56 فیصد حاصل کرلیا گیا ہے۔

رپورٹ: محمد اعظم شاکر

# دو کروڑ 61 لاکھ روپے کا نیا پریمیئم

## راولپنڈی زون کی شاندار کارکردگی

راولپنڈی زون نے پچھلے سال کے مقابلہ میں مئی 2008ء تک دو کروڑ سے زائد اضافہ کرکے کارپوریشن میں نمایاں پوزیشن حاصل کی ہے۔ صرف ماہ مئی میں دو کروڑ پریمیئم کے مقابلے میں دو کروڑ 61 لاکھ پریمیئم سال اول حاصل کیا ہے جو کہ کارپوریشن کی طرف سے دیئے گئے ٹارگٹ کا 100 فیصد ہے۔

سیکٹر ہیڈز اور ایریا منیجرز کی ماہانہ میٹنگ میں پہلی پوزیشن کے حامل سیکٹر ہیڈ سید اسد علی کو خصوصی طور پر ریجنل چیف نارتھ راجہ ظفر علی شان نے ہار پہنائے جبکہ ایریا منیجرز میں اپنا اعزاز برقرار رکھنے والے کروڑ پتی ایریا منیجر محمد رمضان کو زونل سربراہ افتخار احمد نے ہار پہنا کر خراج تحسین پیش کیا ریجنل چیف راجہ ظفر علی شان نے اعلیٰ کارکردگی کے حامل سیکٹر ہیڈز اور ایریا منیجرز کو ہار پہنائے اور مبارک باد دی۔ انہوں نے راولپنڈی زون کے فیلڈ کارکنان کو ماہ مئی کی شاندار کارکردگی پر مبارک باد دی اور امید ظاہر کی کہ جون 2008ء میں مثالی کاروبار بیمہ چیئرمین شاہد عزیز صدیقی کو خوش آمدید کہنے کا بہترین طریقہ ہے۔ تاکہ ہم اپنے کام سے ثابت کرسکیں کہ کارپوریشن کی ترقی کے لیے ہمارا کیا کردار ہے اس موقع پر تمام سیکٹر ہیڈز اور ایریا منیجرز نے اپنے اپنے ٹارگٹ ریکارڈ کرائے۔



ریجنل چیف ناردرن راجہ ظفر علی شان راولپنڈی زون کے سیکٹر ہیڈ سید اسد علی کو زون میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے پر ہار پہنا رہے ہیں اس موقع پر جناب افتخار احمد بھی موجود ہیں



ریجنل چیف نارتھ راجہ ظفر علی شان اعلیٰ کارکردگی پر سیکٹر ہیڈز کو ہار پہنا رہے ہیں



زونل ہیڈ جناب افتخار احمد، کروڑ پتی ایریا منیجر جناب محمد رمضان کو پہلی پوزیشن پر ہار پہنا کر داد دے رہے ہیں

## جناب جے ایم پریرا بھی رخصت ہوگئے



قارئین تحفظ کو یہ جان کر افسوس ہوگا کہ اسٹیٹ لائف کے سابق ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ/انویسٹمنٹ جناب جے ایم پریرا اچانک حرکت قلب بند ہونے سے کینیڈا میں انتقال کرگئے۔

جناب جے ایم پریرا کا شمار کارپوریشن کے تجربہ کار، کہنہ مشق اور ذہین افسران میں ہوتا تھا۔ اسٹیٹ لائف کی سرمایہ کاری اور مارکیٹنگ میں ان کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ ان کا انداز گفتگو بے تکلفانہ ہوتا تھا۔ کارکنان اور افسران کو ہمیشہ ان کا نام لے کر پکارتے تھے۔ اسٹیٹ لائف کے تمام سینئر و جونیئر افسران اور اسٹاف کارکنان نے ان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ادارہ ''تحفظ'' آنجہانی جے ایم پریرا کے لواحقین کے غم میں برابر کا شریک ہے۔

## یحییٰ چماڈیہ پی ایچ ایس ڈویژن کے سربراہ ہوگئے

پرسونل اینڈ جنرل سروسز ڈویژن کے جاری کردہ سرکلر کے مطابق ڈپٹی جنرل منیجر جناب یحییٰ چماڈیہ کو ٹرانسفر کرکے فوری طور پر ڈویژنل ہیڈ پالیسی ہولڈرز سروسز ڈویژن مقرر کیا ہے۔

ادارہ تحفظ جناب یحییٰ چماڈیہ کو یہ اہم ذمہ داری سنبھالنے پر مبارک باد پیش کرتا ہے

## افسران کی ترقیاں

پی اینڈ جی ایس ڈویژن کے جاری کردہ دو مختلف حکم ناموں کے مطابق ملتان زون کے منیجر مارکیٹنگ جناب زیڈ ایم کامران شمسی کو ترقی دے کر اسسٹنٹ جنرل منیجر مارکیٹنگ ریجنل آفس ملتان ریجن میں تعینات کیا گیا ہے اور سکھر زون کے ڈپٹی منیجر (پی ایچ ایس) جناب عبدالصمد شیخ کو ترقی دے کر منیجر (پی ایچ ایس) سکھر زون تقرر کیا گیا ہے۔

# نارتھ ریجن اکیڈمی کے زیر اہتمام تربیتی سیمینار کا انعقاد

## پیشہ ورانہ قابلیت کے لیے تربیت کی ضرورت پر زور دیا گیا

رپورٹ......راجہ احسان الحق
میڈیا کوآرڈینیٹر، ناردرن ریجن



زونل سربراہ راولپنڈی زون جناب افتخار احمد کو جناب منظور احمد سند پیش کر رہے ہیں

اسٹیٹ لائف نارتھ ریجنل اکیڈمی کے زیر اہتمام منعقدہ تربیتی سیمینار میں ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب منظور احمد، ڈپٹی جنرل منیجر ایف ایم ڈی محترمہ ممتاز موسیٰ نے خصوصی طور پر شرکت کی۔ اس موقع پر زونل سربراہ جناب افتخار احمد بھی تشریف فرما تھے جبکہ پرنسپل اکیڈمی جناب شفیق مغل نے ریجن کے تمام ٹریزز اور افسران کو خوش آمدید کہا اور ڈویژنل ہیڈ اور ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ کا شکریہ ادا کیا کہ جنہوں نے 2008ء کو ٹریننگ کا سال قرار دے کر اس شعبہ کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کا موقع دیا۔

زونل سربراہ راولپنڈی زون جناب افتخار احمد نے بتایا کہ میں نے راولپنڈی زون میں مختلف اقدامات کے ذریعے اپنی فیلڈ کو قانونی اور اخلاقی طور پر تربیت حاصل کرنے کا پابند کیا ہے۔

زونل ہیڈ جناب افتخار احمد نے تجویز دی کہ ٹریننگ کو تین مختلف حصوں میں تقسیم کیا جائے۔ نئے نمائندوں کے لیے تعارفی ٹریننگ، پرانے ساتھیوں کے لیے ریفریشر کورس اور ٹریزز کی ٹریننگ، انہوں نے کہا کہ ٹریزز کا علمی مذاکرہ ہر سال منعقد ہونا چاہیے اور ہر اکیڈمی میں کمپیوٹر جاری کیے جائیں تا کہ تربیت کے معیار کو مزید بہتر کیا جا سکے۔



شرکا کورس کا کورس لیڈر جناب سعید اختر ملک کے ہمراہ لیا گیا گروپ فوٹو

ایف ایم ڈی کی سربراہ محترمہ ممتاز موسیٰ نے اب تک ٹریننگ کے شعبہ میں اٹھائے گئے اقدامات پر تفصیلی روشنی ڈالی۔

ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب منظور احمد نے تمام فیلڈ کارکنان کی تربیت کے لیے پلاننگ اور پرنسپل آفس کی طرف آئندہ کے لائحہ عمل اور مختلف تجاویز سے آگاہ کیا۔ انہوں نے تمام ٹریزز کے پروگرام اور اہداف مقرر کیے اور 2008ء کو تربیت کا سال ثابت کرنے کے لیے لائحہ عمل مرتب کیا اور کارپوریشن کی سطح پر مختلف اہداف، اعزازات اور مقابلے منعقد کرنے کا اعلان کیا۔

### مارکیٹنگ مینجمنٹ سیریز کا تربیتی کورس

دریں اثنا گزشتہ دنوں ریجنل اکیڈمی (نارتھ) راولپنڈی کے زیر اہتمام مارکیٹنگ مینجمنٹ سیریز کورس منعقد کیا گیا جس میں ناردرن ریجن کے علاوہ گلف زون سے بھی سینئر سیلز منیجرز نے شرکت کی۔

ریجنل اکیڈمی کے پرنسپل جناب شفیق مغل اور کورس لیڈر جناب سعید اختر ملک نے اس کورس کو ملٹی میڈیا کے ذریعے شرکاء کورس کو متعارف کروایا جناب سعید اختر ملک نے سینئر ایریا منیجرز اور سیلز منیجرز کی صلاحیتوں کو مارکیٹنگ اور مستقبل میں مینجمنٹ کی ذمہ داریوں کے حوالے سے مزید بہتری لانے کے لیے کورس کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے شرکا کورس سے کہا کہ آپ کا پیشہ صرف تجارتی نہیں بلکہ فلاحی بھی ہے کیوں کہ آپ لوگ معاشی ضروریات پر قابو پانے میں معاشرے کی معاونت کرتے ہیں۔ آخر میں شرکاء کورس کو پر تکلف ظہرانہ دیا گیا۔




راولپنڈی ریجنل اکیڈمی نارتھ میں ایف ایم ڈی کے زیر اہتمام منعقدہ سیمینار میں شرکا کو اعلیٰ کارکردگی پر ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب منظور احمد اسناد پیش کر رہے ہیں اس موقع پر محترمہ ممتاز موسیٰ اور جناب شفیق مغل بھی موجود ہیں

# نئی ذمہ داریاں، نئے تقاضے، نئے عزائم

## سرگودہازون میں مختلف تقاریب، سبکدوش ہونے والوں کی خدمات کا اعتراف

رپورٹ......طارق جاوید
سرگودھا زون



زونل سربراہ سرگودھا جناب خالد محمود شاہد ریجنل چیف چوہدری مدد علی انجم کا سرگودھا آمد پر استقبال کر رہے ہیں

گزشتہ دنوں اسٹیٹ لائف کے سابق ریجنل چیف سینٹرل جناب محمد اسلم صابر کی ریٹائرمنٹ اور چوہدری مدد علی انجم کی تعیناتی، سرگودھا میں جناب خالد محمود شاہد کی بطور زونل سربراہ تقرری اور سرگودھا سے جناب محمد داؤد ناصر کو زونل سربراہ فیصل آباد زون کی ذمہ داریاں دی گئیں اس ضمن میں سرگودھا زون کے شعبہ کلیمز کے انچارج جناب محمد نواز ملک کی ریٹائرمنٹ بھی ہوئی۔

ریٹائرڈ ہونے والے معزز احباب کو خراج تحسین پیش کرنے اور ٹرانسفر ہونے والے معزز احباب کو خوش آمدید کہنے کے لیے سرگودھا زون میں ایک پروقار تقریب منعقد ہوئی جس میں سرگودھا زون کے سیکٹر ہیڈز، آفیسرز، ایریا منیجرز، اسٹاف اور سیلز منیجرز نے بھرپور شرکت کی۔ جناب محمد اسلم صابر، چوہدری مدد علی انجم اور جناب محمد داؤد ناصر جب سرگودھا پہنچے تو ان کا پرتپاک استقبال کیا گیا تقریب کا باقاعدہ آغاز اللہ تعالیٰ کے بابرکت نام سے ہوا اسٹیج سیکریٹری کے فرائض ایریا منیجر جناب شفقت علی رضا نے ادا کیے۔ اس موقع پر تمام ایسوسی ایشن کے نمائندگان نے جناب محمد اسلم صابر اور جناب محمد نواز ملک کو ان کی ریٹائرمنٹ پر شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا۔ جناب محمد داؤد ناصر کو سرگودھا زون میں ان کی شاندار خدمات پر سراہا اور کہا کہ ان کی کمی ہمیشہ محسوس ہوتی رہے گی۔ اس موقع پر چوہدری مدد علی انجم کی تعیناتی پر انہیں خوش آمدید کہا گیا اور خوشی کا اظہار کیا گیا۔ جناب خالد محمود شاہد کو بھی دل کی گہرائیوں سے سرگودھا زون میں خوش آمدید کہا گیا۔



ملک نواز کا ڈپٹی منیجر کلیم کی ریٹائرمنٹ پر سیکٹر کا تحفہ



جناب اسلم صابر کی بطور ریجنل چیف خدمات پر تحفہ



زونل سربراہ محترم داؤد ناصر کے لیے شیلڈ کا تحفہ

زونل سربراہ سرگودھا زون جناب خالد محمود شاہد نے معزز مہمانوں کی خدمت میں تحائف پیش کیے اور بعد ازاں تمام شرکاء کو ظہرانہ دیا گیا۔



سرگودھا زون کی تقریب سے ریجنل چیف سینٹرل جناب مدد علی انجم، سابق ریجنل چیف جناب محمد اسلم صابر، زونل ہیڈ فیصل آباد جناب داؤد داے ناصر، زونل ہیڈ سرگودھا جناب خالد محمود شاہد اور ایریا منیجر جناب شفقت علی رضا اظہار خیال کر رہے ہیں

# گجرات زون میں بہترین کارکردگی پر تقسیم انعامات کی تقریب

## زون کے کنجاہ سیکٹر کے بیمہ کارکنان کی حوصلہ افزائی

رپورٹ...... چوہدری رخسار احمد قیصر
گجرات زون



گجرات زون کے سربراہ چوہدری عبدالناصر، سیلز منیجر میاں محمد افضل کو زون میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے پر ہار پہنا کر مبارک باد دے رہے ہیں

گزشتہ دنوں اسٹیٹ لائف گجرات زون کے کنجاہ سیکٹر کے زیراہتمام شاندار انعامی مقابلہ ''یوم تکبیر'' منعقد ہوا جس میں مہمان خصوصی زونل سربراہ گجرات زون چوہدری عبدالناصر تھے جبکہ صدارت سیکٹر ہیڈ چوہدری رخسار احمد قیصر نے کی۔ تقریب میں نظامت کے فرائض ایریا منیجر اسجد محمود چوہدری نے جبکہ آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا جس کی سعادت سیلز آفیسر حافظ محمد فرقان نے حاصل کی۔

اس موقع پر حاضرین کو بتایا کہ آج کی تقریب میں صرف وہ سیلز نمائندگان، سیلز آفیسرز اور سیلز منیجرز شامل ہیں جو باقاعدہ مطلوبہ اہداف کی تکمیل اور مقابلہ جیت کر آئے ہیں اور اس انعامی مقابلہ کا اہتمام کنجاہ سیکٹر کی فیلڈ فورس نے باہمی رضا کاری سے (سیلف کنٹری بیوشن) کی بنیاد پر کیا ہے ان انعامات میں الیکٹرانک کی متعدد اشیاء شامل ہیں۔

تقریب میں پہلی پوزیشن کے حامل سیلز نمائندہ، سیلز آفیسر، سیلز منیجر اور تمام ایریا منیجرز نے تقریب کی کامیابی اور اعلیٰ اہداف کے حصول پر اپنے دلی جذبات کا اظہار کیا اور کہا کہ اس طرح کے مقابلہ جات کا اعلان ہوتا رہنا چاہیے تا کہ ہر ساتھی اپنی بھرپور صلاحیتوں کا مظاہرہ کرتا رہے۔ اس موقع پر سیکٹر ہیڈ رخسار قیصر نے کوالیفائرز کو مبارک باد دی۔

زونل سربراہ گجرات زون چوہدری عبدالناصر نے تقریب کے خوبصورت انعقاد پر سیکٹر ہیڈ کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے تمام ایریا منیجرز اور کامیاب کوالیفائرز کو مبارک باد دیتے ہوئے کہا کہ مجھے آپ کی کارکردگی پر فخر ہے، سیکٹر ہیڈ کی سرپرستی میں کنجاہ سیکٹر ترقی کے زینے طے کر رہا ہے اور اپنی اول پوزیشن قائم رکھے ہوئے ہے۔ انہوں نے کہا کہ گجرات زون ناردرن ریجن میں کاروباری حجم کے لحاظ سے دوسرا بڑا زون ہے جبکہ اسٹاف و افسران کی کمی کے باوجود زون روز افزوں ترقی کر رہا ہے۔

بعد ازاں قرعہ اندازی کے ذریعے جیتنے والے خوش نصیبوں کو انعامات دیئے گئے۔ تقریب کے اختتام پر دعا ہوئی اور حاضرین کو پرتکلف ظہرانہ دیا گیا۔



گجرات زون کے سربراہ چوہدری عبدالناصر قرعہ اندازی کے ذریعے سیلز منیجرز جناب لیاقت علی، جناب ذاکر حسین، سیلز افسر جناب طارق محمود اور سیلز نمائندہ جناب شاکر محمود میں انعامات تقسیم کیے جا رہے ہیں

## افسران کے تبادلے وتعیناتی

پرسونل اینڈ جنرل سروسز ڈویژن کے جاری کردہ مختلف حکم ناموں کے مطابق مندرجہ ذیل افسران کی تبدیلیاں و تقرریاں فوری طور پر عمل میں آئیں۔

1- ڈپٹی جنرل منیجر جناب ایم انوار الحق کو پرسونل ڈویژن پرنسپل آفس سے کمپیوٹر ڈویژن پرنسپل آفس

2- ڈپٹی جنرل منیجر جناب اکبر علی حسین کو ڈویژنل ہیڈ ریسرچ اینڈ انیلسز ڈویژن پرنسپل آفس سے سیکریٹری بورڈ آف ڈائریکٹرز بورڈ سیکریٹریٹ پرنسپل آفس

3- اے جی ایم سیکریٹری بورڈ آف ڈائریکٹرز جناب شاہد عزیز خان کو بورڈ سیکریٹریٹ پرنسپل آفس سے ڈویژنل ہیڈ لاء ڈویژن پرنسپل آفس

4- منیجر (پی-ا) ڈاکٹر ذوالفقار اے شیخ کو پرسونل ڈویژن پرنسپل آفس سے انچارج (پی ایچ ایس) گروپ اینڈ پینشن کراچی زون۔

5- ڈپٹی جنرل منیجر پرنسپل ٹریننگ اکیڈمی لاہور سینٹرل ریجن جناب سلطان اے شیخ کی بطور زونل ہیڈ فیصل آباد تعیناتی جبکہ اے جی ایم ایف ایم ڈی ٹریننگ اکیڈمی ریجنل آفس سینٹرل جناب انجم رشید کو آئندہ احکامات تک پرنسپل ٹریننگ اکیڈمی مقرر کیا گیا ہے۔

6- زونل ہیڈ حیدرآباد زون سید علمدار حسین کاظمی کو ٹرانسفر کر کے لاڑکانہ زون جبکہ لاڑکانہ زون کے سربراہ جناب در محمد بالادی کو تبدیل کر کے حیدرآباد زون کا سربراہ بنا دیا گیا ہے۔

## مبارک مبارک

ڈپٹی منیجر انٹرنیشنل (پی ایچ ایس) سید مشتاق احمد نقوی کی بیٹی سیدہ فرزانہ نقوی کی شادی خانہ آبادی گزشتہ دنوں کراچی میں انجام پائی۔ ادارہ تحفظ سید مشتاق احمد نقوی کو اہم فریضے کی انجام دہی پر مبارک باد پیش کرتا ہے